www.konkur.in

کد کنترل

410

C

410C

# آزمون ورودی دوره‌های کارشناسی‌ارشد ناپیوسته ـ سال ۱۴۰۴

«علم و تحقیق، کلید پیشرفت کشور است.»
مقام معظم رهبری

عصر پنج‌شنبه
۱۴۰۳/۱۲/۰۲

جمهوری اسلامی ایران
وزارت علوم، تحقیقات و فنّاوری
سازمان سنجش آموزش کشور

## زبان و ادبیات اردو (کد ۱۱۲۹) ـ شناور

تعداد سؤال: ۱۰۵ سؤال

مدت‌زمان پاسخگویی: ۱۲۰ دقیقه

عنوان مواد امتحانی، تعداد و شماره سؤال‌ها

| ردیف | مواد امتحانی | تعداد سؤال | از شماره | تا شماره |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | دستور زبان تخصصی اردو | ۲۵ | ۱ | ۲۵ |
| ۲ | متون تخصصی | ۲۰ | ۲۶ | ۴۵ |
| ۳ | ادبیات منظوم | ۲۰ | ۴۶ | ۶۵ |
| ۴ | ادبیات منثور | ۲۰ | ۶۶ | ۸۵ |
| ۵ | تاریخ ادبیات اردو | ۱۰ | ۸۶ | ۹۵ |
| ۶ | ترجمه متون سیاسی، فرهنگی، ادبی و اجتماعی | ۱۰ | ۹۶ | ۱۰۵ |

این آزمون نمره منفی دارد.

استفاده از ماشین‌حساب مجاز نیست.

حق چاپ، تکثیر و انتشار سؤالات به هر روش (الکترونیکی و...) پس از برگزاری آزمون، برای تمامی اشخاص حقیقی و حقوقی تنها با مجوز این سازمان مجاز می‌باشد و با متخلفین برابر مقررات رفتار می‌شود.

Telegram: @uni_k

www.konkur.in



* داوطلب گرامی، عدم درج مشخصات و امضا در مندرجات کادر زیر، به‌منزله عدم حضور شما در جلسه آزمون است.

**اینجانب ................................ با شماره داوطلبی .......................... با آگاهی کامل، یکسان‌بودن شماره صندلی خود با شماره داوطلبی مندرج در بالای کارت ورود به جلسه، بالای پاسخ‌نامه و دفترچه سؤالات، نوع و کدکنترل درج‌شده بر روی جلد دفترچه سؤالات و پایین پاسخ‌نامه‌ام را تأیید می‌نمایم.**

**امضا:**

*دستور زبان تخصصی اردو:*

۱- **اردو گرامر کی رو سے کونسا جملہ غلط ہے؟**

۱) اس کی دادی کی عینک ٹوٹی ہوئی ہے۔
۲) میں نے دوست کو ایک خط لکھا تھا۔
۳) کرسی کے پاس گملے ہیں۔
۴) اس نے سکول جا رہا ہے۔

۲- **ذیل کی تراکیب میں، ترتیب وار صفت کی اقسام کیا ہیں؟**

**"پنجابی کھانے۔ پانچواں لڑکا۔ کچھ لوگ۔ دس کلو"**

۱) صفت نسبتی۔ صفت عددی معین۔ صفت عددی غیر معین۔ صفت مقداری معین۔
۲) صفت ذاتی۔ صفت عددی معین۔ صفت عددی معین۔ صفت عددی غیر معین
۳) صفت ذاتی۔ صفت مقداری۔ صفت عددی غیر معین ـ صفت عددی معین
۴) صفت نسبتی۔ صفت عددی غیر معین ـ صفت ذاتی۔ صفت عددی معین

۳- **درج ذیل الفاظ میں سے کونسا لفظ مذکر ہے؟**

۱) بندریا
۲) ہاتھی
۳) تھیلی
۴) گلہری

۴- **درج ذیل مؤنث الفاظ کی مذکر صورت ترتیب وار کونسی ہے؟**

**"جوگن۔ موچن۔ جیٹھانی۔ دھوبن"**

۱) جوگی۔ موچی۔ جیٹھ۔ دھوبی
۲) جگنو۔ موچیا۔ جیٹھا۔ دھوبیا
۳) جوگا۔ موچے۔ جیٹھنی۔ دھوبنی
۴) جوگنیا۔ موچیا۔ جیٹھن۔ دھوبیا

۵- **حروف جار کے الفاظ پر اثرات کے پیش نظر کونسا فقرہ صحیح ہے؟**

۱) ہمارا والدین کا گھر میں پرانی چیزیں بہت ہیں۔
۲) تیرا نانا کی الماریاں پر دو نئے کپڑے پڑے ہیں۔
۳) ہمارا کالج کے سامنے کا باغیچہ میں کئی درخت ہیں۔
۴) میرے دادا کے دوست کے کمرے میں شاعری کی دس کتابیں موجود تھیں۔

Telegram: @uni_k

www.konkur.in



۶- درج ذیل الفاظ میں سے کونسے لفظ کے آگے لکھے ہوئے لفظ، اس کا متضاد نہیں؟

۱) دھوپ : چھاؤں    ۲) اپنا : پرایا    ۳) اجالا : روشنی    ۴) اتار : چڑھاؤ

۷- کونسے فقرے میں امدادی فعل موجود نہیں؟

۱) انھوں نے بارات کا استقبال کیا۔
۲) رضا نے طالب علم کو کلاس میں بلالیا۔
۳) نقارہ مارنے نہ پائے تھے کہ گرفتار ہوئے۔
۴) اچھا اخلاق انسان کو سب کے پاس عزیز بنادیتا ہے۔

۸- حرف موصولہ "جو" کے استعمال کے پیش نظر، کونسا فقرہ صحیح ہے؟

۱) جن طلبا کالج میں گئے تھے وہ سب کے سب میرے ہم جماعت ہیں
۲) جنھوں نے گھر چلے گئے وہ سردی سے بچ گئے۔
۳) جو محنت کرے گا وہ کامیابی سے ہمکنار ہوگا۔
۴) جس نے شہر پہنچا تو وہ بارش سے بچا۔

۹- مندرجہ ذیل ترکیبات میں سے کونسی ترکیب، ترکیب مہمل نہیں ہے؟

۱) لوٹ کھسوٹ    ۲) گڑبڑ    ۳) روٹی ووٹی    ۴) سچ مچ

۱۰- اردو میں "نے" شناسہ فاعلی کے متعلق درست معلومات فراہم کرنے کے سلسلے میں درج ذیل کا کون سا جملہ صحیح نہیں ہے؟

۱) جملوں میں عموماً افعال متعدی کے ساتھ آتا ہے۔
۲) جملوں میں ہمیشہ فاعل کے ساتھ آتا ہے خواہ لازم خواہ متعدی۔
۳) نے فاعلی اور کو مفعولی جب جملے میں آتا ہے تو جملے کا فعل ضرور مفرد مذکر آئے گا۔
۴) جملوں میں زیادہ تر فعل ماضی سادہ، ماضی نقلی اور بعید کے متعدی افعال کے ساتھ آتا ہے۔

۱۱- ایک دوسرے سے الٹ معنی رکھنے والے الفاظ کو کیا کہتے ہیں؟

۱) تجنیس    ۲) مکبّر    ۳) مترادف    ۴) متضاد

۱۲- اردو گرائمر میں جملہ شرطیہ کے پیش نظر درج ذیل کا کونسا فقرہ ماضی شرطیہ میں شمار نہیں ہوتا ہے؟

۱) میری بہن آج میرے پاس آسکتی ہے، اگر اس کو گاڑی مل جائے گی۔
۲) اس کو بھی کوئی مدعو کرتا تو وہ چلا جاتا۔
۳) اگر تم تقریب میں آتے تو لطف دوبالا ہو جاتا۔
۴) اگر یہ کھانا آپ بناتے تو اچھا ہوتا۔

۱۳- ذیل کے الفاظ میں سے کونسا لفظ جامد ہے؟

۱) بچت    ۲) پڑھائی    ۳) چونا    ۴) سکت

۱۴- ذیل کے فقرے میں کس زمان کے افعال کا استعمال ہوا ہے؟

"دن رات گزرتے گئے۔ لوگ یہاں آباد ہوتے گئے۔ درخت تناور ہوتے گئے۔ ان کی شاخیں باغ میں پھیلتی گئیں۔"

۱) ماضی سادہ    ۲) ماضی استمراری    ۳) ماضی بعید    ۴) ماضی نقلی

Telegram: @uni_k

www.konkur.in



۱۵- ذیل کے مصادر میں سے کونسا، مصادر جعلی میں شمار نہیں ہوتا ہے؟

۱) بخشنا ۲) گرمانا ۳) مار دینا ۴) برمانا

۱۶- کونسا فقرہ اسم مصغر کے بارے میں صحیح وضاحت پیش کرتا ہے؟

۱) اسم مصغر، مؤنث الفاظ سے بنتے ہیں۔
۲) جس اسم سے بڑے پن ظاہر ہو وہ اسم مصغر ہے۔
۳) اسم کے آخر سے "نا" ہٹا دینے سے، اسم مصغر بنتا ہے۔
۴) جو اسم چھوٹے پن کو ظاہر کرے، اسے اسم مصغر کہتے ہیں۔

۱۷- اردو میں حروف مرکب کو مد نظر رکھتے ہوئے درج ذیل کے کونسے حروف، حروف تہجی مرکب میں شامل نہیں ہیں؟

۱) شھ، سھ، عھ، ثھ
۲) ڑھ، رھ، چھ، کھ
۳) کھ، بھ، پھ، دھ
۴) ٹھ، تھ، ڈھ، کھ

۱۸- اردو میں اسم مذکر کے جمع بنانے کے متعلق، درج ذیل کا کون سا جملہ درست ہے؟

۱) یہ ایک خوبصورت گھر ہیں اور وہاں دو خوبصورت گڑیا ہے۔
۲) یہاں ایک گھوڑا ہے اور وہاں کئی گھوڑا ہیں۔
۳) یہ ایک پھول ہے اور وہاں پانچ پھول ہیں۔
۴) یہ ایک لڑکا ہے اور وہاں پانچ لڑکا ہے۔

۱۹- اردو میں حروف اضافہ کے اثرات کے سلسلے میں درج ذیل کا کون سا جملہ صحیح نہیں؟

۱) راشد کے دو پڑوسیوں کی گلیوں میں مہنگی کاریں تھیں۔
۲) عمران کے گھر کی گلیاں میں مہنگی گاڑیاں میں تین لڑکے ہیں۔
۳) ہماری کلاسوں کی کرسیوں پر چار مہنگے قلم تھے۔
۴) ہماری کلاس کی کرسیوں پر ایک مہنگا قلم تھا۔

۲۰- اردو افعال میں فعل متعدی اور فعل لازم کے پیش نظر درج ذیل کا کون سا جملہ صحیح نہیں ہے؟

۱) ہم نے آپ کے لیے کتابیں لائی ہیں۔
۲) وہ لڑکے آپ کے لیے کتابیں لائے ہیں۔
۳) ہم آپ کے لیے کتابیں لے آئے ہیں۔
۴) ہم نے آپ کے لیے کتابیں خرید کر رکھی ہیں۔

۲۱- "والا-والی-والے" کے لاحقے، اردو میں اسم فاعل بناتے ہیں۔اس قاعدے کے پیش نظر یہ بتائیں کہ درج ذیل کا کونسا جملہ صحیح ہے؟

۱) گاڑی چلانے والا چار لڑکے میچ کے لیے پہنچ گیا۔
۲) گاڑی چلانی والا لڑکیاں جلدی پہنچ گئیں۔
۳) راستہ بنانا والو لوگ کے پاس تین گاڑی ہے۔
۴) گانا گانے والے لڑکے نغمہ گانے کے لیے پہنچ گئے۔

۲۲- درج ذیل معلوم جملے کی صحیح مجہول صورت کی نشاندہی کیجیے۔

"مجسٹریٹ نے چوروں اور بدمعاشوں کو سزائیں سنائیں"

۱) مجسٹریٹ نے چوروں اور بدمعاشوں کو سزائیں سنادیں۔
۲) مجسٹریٹ نے چوروں اور بدمعاشوں کی سزائیں معاف کیں۔
۳) مجسٹریٹ کو چوروں اور بدمعاشوں نے سزائیں سنائے گئے۔
۴) مجسٹریٹ کے ذریعے چوروں اور بدمعاشوں کو سزائیں سنائی گئیں۔

Telegram: @uni_k

www.konkur.in



۲۳- اردو میں فعل ماضی شکیہ بنانے کے لیے درج ذیل کا کون سا جملہ صحیح ہے؟

۱) ان لڑکیوں نے اپنے ساتھ لائبریری میں نئی کتابیں لائی گئی ہوں گی۔
۲) وہ لڑکیاں اپنے ساتھ لائبریری میں نئی کتابیں لائی گئی ہوں گی۔
۳) وہ لڑکے اپنے ساتھ لائبریری میں نئی کتابیں لائی گئی ہوں گی۔
۴) وہ لڑکی نے اپنے ساتھ لائبریری میں نئی کتابیں لایا گیا ہوگا۔

۲۴- اردو قواعد میں ماضی تمنائی کے متعلق، درج ذیل کا کون سا جملہ صحیح ہے؟

۱) کاش میں نے کھیت میں کام کرتا ہوتا تو آج اچھی کمائی حاصل کر لیتی۔
۲) کاش میں کھیت میں کام کیا ہوتا تو آج اچھی کمائی حاصل کر لیتی۔
۳) کاش میں نے کھیت میں کام کیے ہوتے تو آج اچھی کمائی حاصل کر لیتی۔
۴) کاش میں نے کھیت میں کام کرنے جاتا تو آج اچھی کمائی حاصل کر لیتی۔

۲۵- اردو قواعد میں ماضی نقلی استمراری کے متعلق، درج ذیل کا کون سا جملہ صحیح ہے؟

۱) میرے بھائیوں نے گرمی کے موسم میں کھیت میں فصل کاٹتے رہے تھے۔
۲) میرے بھائی نے گرمی کے موسم میں کھیت میں فصل کاٹتے گئے ہیں۔
۳) میرے بھائی نے گرمی کے موسم میں کھیت میں فصل کاٹتا رہا ہے۔
۴) میرے بھائی گرمی کے موسم میں کھیت میں فصل کاٹتے رہے ہیں۔

__متون تخصصی:__

۲۶- درج ذیل عبارت میں "خون سفید ہو جانا" کے محاورے کا صحیح معنی کونسا ہے؟

"کیا زمانہ آگیا ہے، عزیزوں اور رشتہ داروں کا بھی خون سفید ہو گیا ہے، کوئی کسی کا پرسانِ حال نہیں۔"

۱) بے مروت ہو جانا    ۲) دشمنی کرنا    ۳) ملزم ٹھہرانا    ۴) بیمار ہونا

۲۷- ذیل کے شعر میں "پانی پانی کر گئی" کے محاورے کا صحیح معنی کونسا ہے؟

پانی پانی کر گئی مجھ کو قلندر کی یہ بات
تو جھکا جب غیر کے آگے نہ تن تیرا، نہ من تیرا

۱) شرمندہ کر گئی    ۲) پسینے میں شرابور کر گئی
۳) شفاف کر گئی    ۴) صفائی بخشی

۲۸- ذیل کے فقرے میں "نچلا نہ بیٹھنا" کے محاورے کا صحیح مفہوم کیا ہے؟

"ہر انسان کے لیے ناگزیر ہے کہ جب تک دنیا میں ہے تب نچلا نہ بیٹھا رہے بلکہ زندگی کا حق ادا کرنے کی کوشش کرتا رہے۔"

۱) نہ چلانا    ۲) زمین پر بیٹھانا
۳) حرکت میں نہ رہنا    ۴) حرکت سے باز رکھنا

Telegram: @uni_k

www.konkur.in



**ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۲۹ سے لے کر ۳۱ تک کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:**

" شیخ جمن کی ایک بوڑھی بیوہ خالہ تھیں۔ ان کے پاس کچھ تھوڑی سی ملکیت تھی، مگر غریب کا وارث کوئی نہ تھا۔ جمن نے وعدے وعید کے سبز باغ دکھا کر خالہ اماں سے وہ ملکیت کسی معاوضے کے بغیر اپنے نام کرائی تھی۔ جب تک ہبہ نامہ پر رجسٹری نہ ہوئی تھی، خالہ جان کی خوب خاطر داریاں ہوتی تھیں، خوب میٹھے لقمے، چٹ پٹے سالن کھلائے جاتے تھے مگر پگڑی کی مہر ہوتے ہی اس کی خاطر داریوں پر بھی مہر ہو گئی۔ جمن کی اہلیہ بی فہیمن نے رفتہ رفتہ سالن کی مقدار اور روٹیوں سے کم کر دی۔ کچھ دنوں تک خالہ جان نے اور دیکھا، مگر جب برداشت نہ ہوئی تو جمن سے شکایت کی۔ جمن صلح پسند آدمی تھا۔ اب اس معاملے میں مداخلت کرنا مناسب نہ سمجھا۔ کچھ دن تو دو دھو کر کام چلا۔ آخر ایک روز خالہ جان نے جمن سے کہا: "بیٹا! تمہارے ساتھ میرا نباہ نہ ہوگا۔ تم مجھے روپے دے دیا کرو، میں اپنا الگ پکا لوں گی۔" جمن نے بے اعتنائی سے جواب دیا: "روپیہ کیا یہاں پھلتا ہے؟"

۲۹ـ **درج بالا متن کی رو سے "ہبہ نامہ" سے مراد کیا ہے؟**

۱) وہ دستاویز جس میں کسی جائیداد کے معاوضے لے کر کسی کے نام منتقل کرنا ہے۔
۲) کسی جائیداد کو بغیر کسی معاوضے کے کسی کے نام منتقل کرنا ہبہ نامہ کہلاتا ہے۔
۳) ہبہ نامہ وہ دستاویز ہے جس میں دو افراد کی جائیداد کے وراث کا تعین کیا جاتا ہے۔
۴) دراصل ہبہ نامہ کسی جائیداد کو معینہ مدت کے لیے کسی کے نام منتقل کرنا ہے۔

۳۰ـ **متن کی رو سے کونسی بات درست ہے؟**

۱) شیخ جمن کی اہلیہ نے پہلے خالہ کی خوب خاطر داریاں کیں لیکن رفتہ رفتہ ان کی محبت میں کافی فرق آگیا۔
۲) شیخ جمن کی اہلیہ نے خالہ جان کی خوب خاطر تواضع کرتی رہتی تھیں۔
۳) خالہ جان نے کبھی شیخ جمن سے گلہ شکوہ نہیں کیا۔
۴) شیخ جمن ایک سخت مزاج آدمی تھے۔

۳۱ـ **دیے گئے متن کی رو سے "سبز باغ دکھانا" کا مطلب کیا ہے؟**

۱) جھوٹی امید دلانا	۲) اپنا وعدہ پورا کرنا
۳) خوشی سے نہال ہونا	۴) ہنسی خوشی سے پیش آنا

۳۲ـ **درج ذیل شعر کی رو سے "خبر گرم ہونا" کے محاورے کا صحیح معنی کونسا ہے؟**

**ہے خبر گرم ان کے آنے کی	آج ہی گھر میں بوریا نہ ہوا**

۱) دشمنی کرنا	۲) شہرت ہونا
۳) دل سے خوش ہونا	۴) اطلاع دینا

Telegram: @uni_k

www.konkur.in



**ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۳۳ سے لے کر ۳۴ تک کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:**

"۱۸۷۸ میں ملٹن رائٹ اپنے بیٹوں کے لیے ایک کھلونا ہیلی کاپٹر لے کر آیا۔ یہ کاغذ، بانس اور کارک سے بنا ہوا کھلونا تھا۔ اس میں ایک ربڑ لگا ہوا تھا۔ اسے کافی دیر گھمانے کے بعد چھوڑتے تو یہ فضا میں بلند ہو جاتا اور چند سیکنڈ فضا میں رہتا۔ اس کا سائز ایک انسانی ہاتھ کے مساوی تھا۔ اس وقت آرول کی عمر سات سال تھی جبکہ ولبر گیارہ سال کا تھا۔ بچوں کے دل میں اڑان کی چنگاری تو پہلے سے موجود تھی، اس کھلونے کو پا کر وہ چنگاری مزید بھڑک اٹھی۔ دونوں بھائی اس کھلونے کے ساتھ کھلتے رہتے۔ یہ کھیل ان کو بہت بھایا۔ جب دیکھو، اس کے ساتھ کھیل رہے ہیں۔ آخر کار کاغذ پھٹ گیا اور ربڑ ٹوٹ گیا۔ انہوں نے ایسا ہی کھلونا بنانے کی کوشش کی مگر اس کا وزن اس قدر زیادہ ہوگیا کہ اس کا اڑنا ناممکن تھا۔"

**۳۳۔ ملٹن کس سنہ میں اپنے بیٹوں کے لیے ہیلی کاپٹر لے کر لایا۔**

۱) اٹھارہ سو اٹھاسی
۲) اٹھارہ سو اَنہتر
۳) اٹھارہ سو اُناسی
۴) اٹھارہ سو اٹھہتر

**۳۴۔ درج بالا متن کی رو سے کونسی بات درست ہے؟**

۱) دونوں بھائی ہیلی کاپٹر بنانے میں کامیاب ہوئے۔
۲) ہیلی کاپٹر دھات سے بنا ہوا تھا۔
۳) کھلونا پا کر دونوں بھائی بہت خوش ہوئے۔
۴) دونوں بھائی کو ہیلی کاپٹر پسند نہیں آیا۔

**۳۵۔ "جھٹ پٹ" اور "لُٹ جانا" کے صحیح معانی کی نشاندہی کیجیے۔**

۱) جلدی۔ لوٹ لیا جانا
۲) فوراً۔ واپس آنا
۳) اندھیرا۔ واپس کرنا
۴) دھیرے سے۔ پلٹ جانا

**ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۳۶ سے لے کر ۳۸ تک کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:**

"ہمارے ملک کی سونا اگلتی زمین میں ہر طرح کی فصلیں پیدا ہوتی ہیں۔ اس میں خوش ذائقہ پھلوں کے باغات بھی ہیں۔ اس کے سینے پر بہنے والے دریا ہمارے کھیتوں کو سیراب کرتے ہیں۔ اس میں فلک بوس پہاڑی چوٹیاں بھی ہیں۔ گیت گاتی آبشاریں اس کے حسن کو چار چاند لگاتی ہیں۔ ہر صوبہ، ملک کی ترقی اور خوش حالی میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔"

**۳۶۔ "سونا اگلتی زمین سے" مراد کیا ہے؟**

۱) سوکھی زمین
۲) بنجر زمین
۳) زرخیز زمین
۴) لہلہاتی فصلیں

**۳۷۔ مندرجہ بالا متن کی رو سے "چار چاند لگانا" کے محاورے کا صحیح معنی کونسا ہے؟**

۱) خوبصورتی ماند پڑ جانا
۲) خوبصورتی بڑھانا
۳) چاند گرہن
۴) چاندنی رات

Telegram: @uni_k

www.konkur.in



۳۸- درج بالا متن کی رو سے "خوش حالی" سے مراد کیا ہے؟

۱) آسودگی
۲) ہنس مکھ
۳) خوش مزاج
۴) ہنسی خوشی

**ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۳۹ سے لے کر ۴۱ تک کے صحیح جواب کی نشاندہی کیجئے:**

"پھر نہ جانے کیا ہوا کہ وہ دم بخود ہو کر رہ گئیں۔ ایک لمحہ یونہی چپ چاپ کھڑی رہیں۔ پھر انگلی سے بچے کی ران کے اس مقام کو چھوا جہاں سے نکیلی پنسل نے جلد اُدھیڑ دی تھی۔ خون رس کر جم گیا تھا اور آس پاس سرخی کا دائرہ سا بن گیا تھا۔ بچہ انگلی کے مس سے بلبلا اٹھا تو بیگم راجا نے دونوں ہاتھ بڑھا کر بیگم خواجہ کے بچے کو اٹھا لیا اور اسے اپنے کولھے پر بٹھا کر تھپکنے اور رونے لگیں اور کہنے لگیں "آگ لگے ان ہاتھوں کو جنہوں نے تیرے پھول سے جسم کو اُدھیڑا ہے۔ آنے دے کوشہ کو۔ تیرے سامنے ایسی ماروں گی کہ طبیعت ہری ہو جائے۔" پھر وہ بیگم خواجہ کے بیٹے کے آنسو پونچھنے لگیں اور اُسے چومنے لگیں۔ "تو جگ جگ جیے، تو سہرے باندھے۔ میں تو کہتی ہوں تو خواجہ خضر کی عمر پائے، بس اللہ کرے تیری ماں مر جائے۔"

۳۹- درج بالا متن کی رو سے کونسی بات "آنسو پونچھنا" کے صحیح معانی میں شامل نہیں؟

۱) تسکین ہونا
۲) تسلی دینا
۳) دلاسا دینا
۴) آبدیدہ ہونا

۴۰- درج بالا متن کی رو سے کونسی بات درست ہے؟

۱) بیگم راجا نے بیگم خواجہ کے حق میں نیک خواہشات کا اظہار کیا۔
۲) بیگم راجا نے بیگم خواجہ کے بیٹے کو اٹھایا اور اُسے تسلی دینے لگی۔
۳) بیگم خواجہ اور بیگم راجا کے آپس میں گہری دوستی تھی۔
۴) بیگم خواجہ، بیگم راجا کے بیٹے کو بٹھا کر تھپکیاں دینے لگیں۔

۴۱- مندرجہ متن کی رو سے یہ بتائیں کہ بیگم راجا نے کس کے حق میں "مر جانے" کی بد دعا دی؟

۱) بیگم راجا کا بیٹا
۲) اپنا بیٹا
۳) بیگم خواجہ
۴) خواجہ

۴۲- ذیل کے محاورات کے صحیح مفہوم کی نشاندہی کیجیے:

"اینٹ سے اینٹ بجانا" ۔ "دم دینا"

۱) ویران کر دینا۔ دھوکا دینا
۲) اینٹ دینا۔ ضد کرنا
۳) خوش آمد کرنا۔ پھونکنا
۴) گھر بنانا۔ مرنا

**ذیل کا متن پڑھ کر، سوال نمبر ۴۳ اور ۴۵ کے صحیح جوابات کی نشاندہی کیجئے:**

" بات پکی ہو گئی اور شادی کا سامان ہونے لگا۔ شادی کا سارا انتظام پرکاش کے ہاتھ میں تھا۔ دس بارہ ہزار روپیہ خرچ کرنے کا اختیار کچھ تھوڑی عزت کی بات نہ تھی۔ دیکھتے دیکھتے ایک خستہ حال نوجوان ذمہ دار مینجر بن بیٹھا۔ جس دن پرکاش نے پانچ ہزار کے زیور خریدے، اس کے کلیجے پر سانپ لوٹنے لگا۔ گھر آ کر چمپا سے بولا: "ہم تو یہاں روٹیوں کے محتاج اور دنیا میں ایسے ایسے آدمی پڑے ہیں جو ہزاروں لاکھوں کا زیور بنوا ڈالتے ہیں۔ ٹھاکر صاحب نے آج بہو کے چڑھاوے کے لیے پانچ ہزار کے زیور خریدے۔ ایسی ایسی چیزیں کہ دیکھ کر آنکھیں ٹھنڈی ہو جائیں۔ سچ کہتا ہوں بعض چیزوں پر تو آنکھ نہیں ٹھہرتی تھی"

Telegram: @uni_k

www.konkur.in



۴۳- اوپر کے متن کی رو سے کس نے شادی کا سارا انتظام اپنا ذمہ لیا تھا؟

۱) ٹھاکر صاحب کی بہو
۲) پرکاش
۳) ٹھاکر صاحب
۴) چمپا

۴۴- درج بالا متن کی رو سے "کلیجے پر سانپ لوٹنا" کے محاورے کا صحیح مطلب کیا ہے؟

۱) خوشی سے نہال ہونا
۲) خوشی سے اپنے پھولے میں نہ سمانا
۳) ناک میں دم کرنا
۴) رشک و حسد سے بے قرار ہونا

۴۵- درج بالا متن "چڑھاوا" کا صحیح مفہوم کونسا ہے؟

۱) تسلی دینا
۲) پہاڑ پر چڑھنا
۳) دلہن کو زیور پہنانے کی رسم
۴) دولھا کو دلہن کے گھر جانا

_ادبیات منظوم:_

۴۶- کونسی بات غزل کی تعریف میں شامل نہیں؟

۱) غزل کے صرف چار مصرعے ہوتے ہیں۔
۲) غزل عشقیہ مضامین کے لئے وضع ہوئی تھی۔
۳) غزل کے پہلے شعر کے دونوں مصرعے آپس میں ہم قافیہ ہوتے ہیں۔
۴) غزل میں مطلع کو چھوڑ کر باقی تمام شعروں کے صرف دوسرے مصرعے میں قافیہ ہوتا ہے۔

۴۷- کونسے شعر میں مرزا غالب کے طنز و ظرافت اور شوخی فکر کا مفہوم سامنے نہیں آتا ہے؟

۱) کہا میں نے بزم ناز چاہئے غیر سے تہی — سن کے ستم ظریف نے مجھ کو اٹھا دیا کہ یوں!
۲) سوزش باطن کے ہیں احباب منکر ورنہ یاں — دل محیط گریہ ہے، لب آشنائے خندہ ہے
۳) واعظ نہ تم پیو! نہ کسی کو پلا سکو — کیا بات ہے تمہارے شراب طہور کی
۴) پکڑے جاتے ہیں فرشتوں کے لکھے پر ناحق — آدمی کوئی ہمارا دم تحریر بھی تھا؟

۴۸- ذیل کے شعر میں کونسی صنعت موجود ہے؟

شمع بجھتی ہے تو اس میں سے دھواں اُٹھتا ہے — شعلہ عشق سیہ پوش ہوا میرے بعد

۱) توشیح
۲) تضاد
۳) تلمیح
۴) حسن تعلیل

۴۹- کونسے شعر میں لف و نشر مرتب ہے؟

۱) حالی سخن میں شیفتہ سے مستفید ہوں — غالب کا معتقد ہوں مقلد ہوں میر کا
۲) غالب اپنا یہ عقیدہ ہے بقولِ ناسخ — آپ بے بہرہ ہے جو معتقدِ میر نہیں ک
۳) گیسو و رخسارِ یار آنکھوں ہی میں پھرتے ہیں — میر یہ لیل و نہار دیکھئے کب تک رہے
۴) نہ ہوا پر نہ ہوا میر کا انداز نصیب — ذوق یاروں نے بہت زور غزل میں مارا

Telegram: @uni_k

www.konkur.in



۵۰- ذیل کے شعر کی صحیح تشریح کونسی ہے؟

آفاق کی منزل سے گیا کون سلامت — اسباب لٹا راہ میں یاں ہر سفری کا

۱) انسان اس دنیا کے سفر سے سلامت نہیں گزر سکتا ہے۔ اس کے تمام مال واسباب لوٹ جاتے ہیں اور وہ یہ سب چھوڑ کر جائے گا۔
۲) اِس دنیا میں انسان مسافر کی طرح ہے۔ اسے اپنے سامان کا خیال رکھنا چاہیے۔
۳) آفاق انسان کی اس دنیا میں منزلیں ہیں اور وہ مال واسباب لئے ان منزلوں میں بستا ہے۔
۴) یہاں مسافر بہت ہیں اور ان کا مقصد آفاق کی منزل ہے۔

۵۱- کونسی بات ذیل کے شعر کی صحیح تشریح میں شامل نہیں ہے؟

پیاسی جو تھی سپاہ خدا تین رات کی — ساحل سے سر پٹکتی تھیں موجیں فرات کی

۱) دریائے فرات کی موجیں ساحل سے سر ٹکراتیں ۔
۲) فرات کی موجیں تین راتیں سپاہ خدا کے ساتھ پیاسی تھیں۔
۳) سپاہ خدا یعنی امام حسین (ع) کے جاں نثار مجاہد تین دن سے پیاسے تھے۔
۴) ان کے غم اور ان تک نہ پہنچنے کی شرم سے فرات کی موجیں ساحل سے سر ٹکرا رہی تھیں۔

۵۲- کونسی بات ذیل کے شعر کی صحیح تشریح میں شامل نہیں ہے؟

پتا پتا بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے — جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے

۱) گویا سارا باغ سوائے گل شاعر کے حال دل سے اور ان کی تمام کیفیات سے پوری طرح سے واقف ہے۔
۲) شاعر کہتے ہیں کہ ان کے حال دل سے تمام بوٹے تمام پتے اور تمام بیل بوٹے واقف ہیں۔
۳) پتا پتا اور بوٹا بوٹا ہماری جان ہیں۔ صرف گل ہی ہماری جان نہیں۔
۴) صرف ایک گل ہی ہے جس کو عاشق کے حال کا پتہ نہیں۔

۵۳- ذیل کے اشعار میں کونسی صنعت شعری مشترکہ ہے؟

تیشے بغیر مر نہ سکا کوہ کن اسد — سرگشتۂ خمار رسوم و قیود تھا
ہم سہل طلب کون سے فرہاد تھے لیکن — اب شہر میں تیرے کوئی ہم سا بھی کہاں ہے

۱) تلمیح ۲) حسن تعلیل ۳) تضمین ۴) ایہام

۵۴- ذیل کے شعر میں کونسی بات شعر کا مرکزی خیال ہے؟

ترے وعدے پہ جیئے ہم تو یہ جان جھوٹ جانا — کہ خوشی سے مر نہ جاتے اگر اعتبار ہوتا

۱) محبوب کی خوبصورتی عارضی اور نا معتبر ہوتی ہے۔
۲) محبوب کی خوشی اور اس کا وعدہ نا معتبر ہیں۔
۳) محبوب کا وعدہ بڑا بے اعتبار ہوتا ہے۔
۴) محبوب کی جان نا معتبر ہوتی ہے۔

۵۵- کونسی بات ذیل کے شعر کے مفاہیم میں شامل نہیں؟

من کی دولت ہاتھ آتی ہے تو پھر جاتی نہیں — تن کی دولت چھاؤں ہے، آتی ہے دھن، جاتی ہے دھن

۱) جب انسانی کو من کی دولت، یعنی روحانی سکون واطمینان ملتا ہے، وہ جاودانی ہوتا ہے۔
۲) دنیوی مال و دولت عارضی اور فانی ہے۔ چھاؤں کی طرح گھٹتی بڑھتی ہے۔
۳) جب سرکار کی طرف سے مال ملتا ہے، وہ ہمیشہ باقی رہتا ہے۔
۴) تن کی دولت، یعنی جسمانی تقاضے اور مطالبے فنا پذیر ہیں۔

Telegram: @uni_k

www.konkur.in



۵۶- ذیل کے شعر میں مشبہ اور مشبہٌ بہ کی نشاندہی کیجے:

سر تا قدم زباں ہیں جوں شمع، گو کہ ہم
پر یہ کہاں مجال جو کچھ گفتگو کریں

۱) مشبہ: قدم مشبہٌ بہ: سر
۲) مشبہ: شمع مشبہٌ بہ: زباں
۳) مشبہ: سر مشبہٌ بہ: شمع
۴) مشبہ: زبان مشبہٌ بہ: شمع

۵۷- کونسی بات ذیل کے شعر کے مفاہیم میں شامل ہے؟

کوئی دم کا مہماں ہوں اے اہلِ محفل
چراغِ سحر ہوں بجھا چاہتا ہوں

۱) شاعر کا خیال ہے کہ اس کی زندگی، سحر کے وقت کی شمع کی طرح ختم ہونے والی ہے۔
۲) شاعر اپنی زندگی کو بہت مختصر اور ایک دم کے برابر جانتا ہے۔
۳) کچھ لمحوں میں سحر کے وقت ایک مہمان محفل میں شامل ہو جائے گا۔
۴) اس شعر میں صنعت تشبیہ موجود ہے۔

۵۸- اردو شاعری میں وہ کونسی صنف ہے جس میں عاشق بہ ظاہر، محبوب کو بُری بھلی سناتا ہے اور اس کو چھوڑنے کی دھمکیاں دیتا ہے؟

۱) گیت
۲) شہر آشوب
۳) غزل
۴) واسوخت

۵۹- معشوق تک عدم رسائی کا مضمون کونسے شعر میں سے سامنے آتا ہے؟

۱) وصالِ یار کا وعدہ ہے فردائے قیامت پر
یقین مجھ کو نہیں ہے گور تک اپنی رسائی کا
۲) قیس ہوں پیدا تری محفل میں یہ ممکن نہیں
تنگ ہے صحرا اترا، محمل ہے بے لیلا ترا
۳) یہ عشق نہیں آساں بس اتنا سمجھ لیجے
اک آگ کا دریا ہے اور ڈوب کے جانا ہے
۴) ہم خاک میں ملے تو ملے لیکن اے سپہر
اس شوخ کو بھی راہ پہ لانا ضرور تھا

۶۰- ذیل کے شعر میں ارکانِ استعارہ میں سے مستعارٌ لہ اور مستعارٌ منہ علی الترتیب کونسے الفاظ ہیں؟

پلکوں سے گر نہ جائیں یہ موتی سنبھال لو
دنیا کے پاس دیکھنے والی نظر کہاں؟

۱) مستعارٌ لہ: نظر مستعارٌ منہ: آنسو
۲) مستعارٌ لہ: پلک مستعارٌ منہ: موتی
۳) مستعارٌ لہ: آنسو مستعارٌ منہ: موتی
۴) مستعارٌ لہ: انسان مستعارٌ منہ: دنیا

۶۱- ذیل کے شعر میں کونسی صنعت شعری موجود ہے؟

مسلماں کو مسلماں کر دیا طوفانِ مغرب نے
تلاطم ہائے دریا ہی سے ہے گوہر کی سیرابی

۱) تضاد
۲) ایہام
۳) کنایہ
۴) مراعات النظیر

Telegram: @uni_k

www.konkur.in



۶۲- کونسی بات درج ذیل شعر کے مفاہیم میں شامل نہیں؟

شمع کی مانند ہم اس بزم میں  چشم تر آئے تھے، دامن تر چلے

۱) اس بزم آ کر ہم نے شمع جلائی اس وجہ سے ہماری آنکھوں میں آنسو آئے۔
۲) دنیا کی اس محفل میں ہم نے شمع کی مانند جل جل کر زندگی بسر کی۔
۳) ہم اس دنیا میں آنسو بہانے آئے تھے، بہتے آنسوؤں کو دامن سے پونچھتے رہے
۴) ہم آنسوؤں سے تر، یہی بھیگا دامن لے کر دنیا سے رخصت ہو رہے ہیں۔

۶۳- کونسے فارسی شعر کا مضمون، درج ذیل اردو شعر سے قریب تر ہے؟

جو دیکھتے تری زنجیر زلف کا عالم  اسیر ہونے کے آزاد، آرزو کرتے

۱) در زلف چون کمندش ای دل مپیچ کانجا  سرها بریده بینی بی جرم و بی جنایت
۲) شکنج زلف پریشان به دست باد مده  مگو که خاطر عشاق گو پریشان باش
۳) زلف بر باد مده تا ندهی بر بادم  ناز بنیاد مکن تا نکنی بنیادم
۴) خلاص حافظ از آن زلف تابدار مباد  که بستگان کمند تو رستگارانند

۶۴- کونسے شعر کا مضمون، درج ذیل شعر کے مضمون سے قریب ہے؟

ہوتی نہیں قبول دعا ترک عشق کی  دل چاہتا نہ ہو تو زباں میں اثر کہاں

۱) نہیں آسان ترک عشق کرنا دل سے غم جانا  بہت دشوار ہے چڑھتے ہوئے طوفاں کا تھم جانا
۲) عشق سے تیرے بڑھے کیا کیا دلوں کے مرتبے  مہر ذروں کو کیا، قطروں کو دریا کر دیا
۳) ہم جس پہ مر رہے ہیں وہ ہے بات ہی کچھ اور  عالم میں تجھ سے لاکھ سہی تو مگر کہاں
۴) تری نازکی سے جانا، کہ بندھا تھا عہد بودا  کبھی تو نہ توڑ سکتا، اگر استوار ہوتا

۶۵- "سہرا" کیسی نظم ہے؟

۱) ایسی نظم ہے جس میں عاشق اپنے معشوق سے اپنے والہانہ محبت کا اظہار کرتا ہے۔
۲) وہ فرمائشی نظم ہے، جس میں شادی کے موقع پر ایک شاعر، دولہے کی سجاوٹ، بناوٹ، اور اس کی شان و شوکت پر کہتا ہے۔
۳) ایسی نظم ہے جس میں قصے کہانیاں بیان ہوتی ہے۔
۴) ایسی نظم ہے جس میں شاعر اللہ تعالی کی تعریف و تمجید کرتا ہے۔

## ادبیات منثور:

۶۶- کونسی تصانیف کے مصنف، ترتیب سے شبلی نعمانی، مولوی عبدالحق اور محمد حسین آزاد ہیں؟

۱) موازنہ انیس و دبیر - مرحوم دہلی کالج - حیات سعدی
۲) حالات و افکار - نگارستان فارسی - علم الکلام
۳) سیرت النبی - تذکرہ علما - قصص ہند
۴) سفر نامہ مصر و روم و شام - چند ہم عصر - سخندان فارس

۶۷- عبدالحلیم شرر نے کیسے ناول کی بنیاد ڈالی؟

۱) واقعاتی ناول  ۲) جاسوسی ناول  ۳) تاریخی ناول  ۴) نظریاتی ناول

Telegram: @uni_k

www.konkur.in



۶۸- "بابائے اردو" اور "بابائے صحافت" کن کن لوگوں کے القاب ہیں؟

۱) الطاف حسین حالی - سر سید احمد خان
۲) مولوی عبدالحق - ظفر علی خان
۳) محمد حسین آزاد - شبلی نعمانی
۴) مولوی عبدالحق - ملاوجہی

۶۹- اردو افسانہ نگاروں کے حوالے سے کونسی بات غلط ہے؟

۱) علامتی اور تجریدی افسانہ نگاروں میں رشید امجد کا بڑا نام ہے۔
۲) انتظار حسین اساطیری اور مذہبی کہانیوں کو علامت کا رنگ دیا۔
۳) سجاد حیدر یلدرم نے اپنے افسانوں میں، معاشرتی مضامین کو موضوع بنایا ہے۔
۴) بانو قدسیہ نے عورت کی نفسیاتی الجھنوں کو اپنے افسانوں کا موضوع بنایا ہے۔

۷۰- پطرس بخاری کی مزاح نگاری پر کونسی بات ٹھیک نہیں اترتی ہے؟

۱) واقعہ نگاری ان کے مزاح کی بنیاد ہے۔
۲) اصلاح معاشرہ ان کا مقصد تھا۔
۳) تحریف نگاری پطرس بخاری کے مزاح کی بڑی خوبی ہے۔
۴) مزاح نگاری میں ان کے سوچنے کا انداز مغربی ہے۔

۷۱- "سب رس" کے حوالے سے کونسی بات صحیح ہے؟

۱) پرانی دکنی زبان پر مشتمل تحریر ہے۔
۲) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز کی اہم نثری کتاب ہے۔
۳) فارسی الفاظ کا بہت کم استعمال ہوا ہے۔
۴) یہ ایک تخلیقی اور طبع زاد کہانی ہے۔

۷۲- عناصر ترکیبی میں اشتراکات کے پیش نظر کونسی صنف ناول کا ارتقائی شکل شمار ہوتی ہے؟

۱) آپ بیتی ۲) ڈراما ۳) داستان ۴) افسانہ

۷۳- "فسانہ عجائب" کے حوالے سے کونسی بات صحیح نہیں اترتی ہے؟

۱) لکھنوی تمدن کی ترجمانی کرتا ہے۔
۲) فسانہ عجائب، باغ و بہار کا رد عمل ہے۔
۳) ایہام اور رعایت لفظی اس کے اسلوب میں شامل ہے۔
۴) وہ طلسماتی فضا اور مافوق الفطرت عناصر سے خالی ہے۔

۷۴- کونسی بات نقاد کے فرائض منصبی میں شمار نہیں کیا جاتا ہے؟

۱) نقاد کا فرض ہے کہ وہ جس فن پارے کو جانچ پرکھ رہا ہو اس کے فنی اسرار و رموز سے بھی آگاہ ہو۔
۲) نقاد کے لیے ضروری ہے کہ وہ دوسرے مصنف کا حوالہ دینے کے لیے اپنے خیالات اور نتائج پر ہی بھروسا کرکے ان کا بیان کرے۔
۳) نقاد کا مطالعہ وسیع ہونا چاہیے۔ اگر اس کا مطالعہ مصنف سے کم ہو تو وہ صحیح تنقید نہیں کرسکے گا۔
۴) جس فن پارے پر تنقید مقصود ہو نقاد کو چاہیے کہ وہ اس کے بارے میں تحقیق و جستجو سے کام لیتے ہوئے مواد اکٹھا کرے۔

۷۵- درج ذیل تصنیفات ترتیب وار، کس شخصیات کے بارے میں لکھی گئی ہیں؟

"حیات جاوید" - "آشفتہ بیانی میری" - "داستان غدر"

۱) اقبال لاہوری - نذیر احمد دہلوی - مولوی عبدالحق
۲) سعدی شیرازی - احسان دانش - سر سید احمد خان
۳) الطاف حسین حالی - شاہد احمد دہلوی - شبلی نعمانی
۴) سر سید احمد خان - رشید احمد صدیقی - ظہیر احمد دہلوی

Telegram: @uni_k

www.konkur.in



۷۶- **ڈرامے کی اقسام کے حوالے سے کونسی وضاحت غلط ہے؟**

۱) برلسک مزاحیہ ڈراما ہے۔ اس کا مقصد دوسروں کی نقل اتار کے تفریح کا سامان پیدا کرنا ہے۔
۲) میلوڈراما میں اَن گنت واقعات اور خلاف فطرت حالات و واقعات میں کھینچ تان ہے۔
۳) سوانگ ایسا ڈراما ہے جس کا انجام ہنسی خوشی پر ہو۔ یہ ہلکا پھلکا طنز بھی بنتا ہے۔
۴) المیہ ایسا ڈراما ہے جس میں دردناک واقعات ہوں، اس کا انجام درد سے لبریز ہو۔

۷۷- **محمود نظامی، ابن انشا اور مستنصر حسین تارڑ میں قدر مشترک کیا ہے؟**

۱) کالم نگاری ۲) سفر نامہ نگاری ۳) مزاح نگاری ۴) سوانح نگاری

۷۸- **کونسا جملہ، انشایئے کی وضاحت کے لئے مناسب نہیں؟**

۱) انشائیہ متکلفانہ اور مسجع انداز کی تحریر ہے۔
۲) انشایئے میں تخیل اور آشفتہ بیانی کارآمد ثابت ہوتی ہے۔
۳) انشایئے کی سب سے بڑی خوبی یہ ہے کہ اس میں غیر رسمی طریق کار اپنایا جاتا ہے۔
۴) انشایئے میں بے ربطی اور بے تکلفی اور شگفتگی ہی تحریر کو پرکشش اور قابل بناتی ہے۔

۷۹- **کونسی بات غیر افسانوی ادب کے زمرے میں شامل ہے؟**

۱) داستان ۲) افسانہ ۳) ڈرامہ ۴) سفر نامہ

۸۰- **کونسی بات ناول کے بارے میں صحیح نہیں؟**

۱) ناول میں فرضی، خیالی اور مافوق الفطرت امور کی بڑی اہمیت ہوتی ہے۔
۲) ناول میں حقیقت نگاری کی بڑی اہمیت ہے۔
۳) ناول کے تمام کردار عام انسان ہوتے ہیں۔
۴) ناول کا موضوع انسانی زندگی ہے۔

۸۱- **کونسے ادیب و شاعر نے پر تکلف انداز کی خطوط نگاری کو سادہ نویسی اور وسیع اور شگفتہ فضاؤں سے روشناس کرایا؟**

۱) مرزا اسداللہ خان غالب ۲) نواب مصطفیٰ خان شیفتہ
۳) مولوی عبدالحق ۴) سر سید احمد خان

۸۲- **درج ذیل کے مصنف کس ادبی صنف نثر میں مشہور ہیں؟**

**"مرزا فرحت اللہ بیگ" - "رشید احمد صدیقی"**

۱) خاکہ نگاری ۲) سوانح عمری نگاری
۳) آپ بیتی نگاری ۴) خطوط نگاری

Telegram: @uni_k

www.konkur.in



۸۳- کونسے ڈرامے اردو کے اولین ڈراموں میں شمار ہوتے ہیں؟

۱) رستم و سہراب - مارآستین
۲) مرید شک - رادھا کنہیا
۳) اندر سبھا - رادھا کنہیا
۴) مارآستین - مہابھارت

۸۴- شمالی ہند کی پہلی اردو نثری تصنیف کونسی ہے؟

۱) روضۃالشہدا
۲) کربل کتھا
۳) سب رس
۴) عود ہندی

۸۵- کونسی تصنیف اردو کی قدیم داستانوں میں شمار ہوتی ہے؟

۱) فردوس بریں
۲) فسانہ آزاد
۳) کفن
۴) نوطرز مرصع

***تاریخ ادبیات اردو:***

۸۶- غالب دہلوی کی شاعری کے دور چہارم (۱۸۵۷-۱۸۴۷) کی خصوصیات کونسی بتائی گئی ہیں؟

۱) غالب کی شاعری کا یہ دور درباری دور ہے۔ اس دور میں غالب نے بیشتر اردو زبان میں شاعری کی۔
۲) غالب نے اس دور میں کلکتے کا سفر کیا اور بیشتر فارسی ہی میں شاعری کی۔
۳) اس دور میں غالب نے بیدل اور صائب کے طرز کو ترک کر دیا۔
۴) اس دور میں غالب نے بیدل کا رنگ اختیار کیا۔

۸۷- کونسی بات دبستان لکھنؤ کی خصوصیات میں شامل نہیں؟

۱) فارسی و عربی کی بے جوڑ ترکیبیں
۲) روانی و سادگی
۳) قافیہ پیمائی
۴) ابتذال

۸۸- کونسی بات نظیر اکبرآبادی کی شعری خصوصیات میں شامل نہیں؟

۱) مناظر قدرت کے خاکے
۲) مقامی رنگ کی آمیزش
۳) داخلیت
۴) فطری شاعری

۸۹- اردو شاعری کا زرین دور کونسا دور ہے؟

۱) میر و سودا کا دور
۲) آتش و ناسخ کا دور
۳) حالی و شبلی کا دور
۴) انیس و دبیر کا دور

۹۰- مذکورہ ذیل ادیبوں اور مصنفوں میں سے کونسی ادبی شخصیت کا ادبی میدان دوسروں سے جدا ہے؟

۱) پریم چند
۲) سعادت حسن منٹو
۳) عصمت چغتائی
۴) ن - م راشد

Telegram: @uni_k

www.konkur.in



۹۱- **اردو زبان کی ابتدا کے بارے میں کونسی بات صحیح ہے؟**

۱) اردو کی ابتدا شمالی ہند کے مغل بادشاہوں کے درباروں میں فارسی گو درباری شعرا کے توسط سے ہوئی۔
۲) اردو کی ابتدا دکنی بادشاہوں کے درباروں میں درباری شعرا کے توسط سے ہوئی۔
۳) اردو کی ابتدا فقیروں کی خانقاہوں اور صوفیوں کے تکیوں میں ہوئی۔
۴) اردو کی ابتدا ولی دکنی کے ۱۷۰۰ کے سفر دہلی سے ہوئی۔

۹۲- **ترقی پسند تحریک کی پہلی کانفرنس کب اور کس کی صدارت میں منعقد ہوئی؟**

۱) ۱۹۳۶ میں پریم چند کی صدارت میں منعقد ہوئی۔
۲) ۱۹۳۳ میں احمد علی کی صدارت میں منعقد ہوئی۔
۳) ۱۹۳۲ میں سجاد ظہیر کی صدارت میں منعقد ہوئی۔
۴) ۱۹۳۴ میں رشید جہان کی صدارت میں منعقد ہوئی۔

۹۳- **مذکورہ ذیل شخصیات میں سے کونسی شخصیت مرثیہ گو تھی؟**

۱) میر امن دہلوی
۲) میر بہادر علی حسینی
۳) حسرت موہانی
۴) مرزا دبیر

۹۴- **کونسی بات دبستان دہلی کی خصوصیات میں شمار ہوتی ہے؟**

۱) داخلی جذبات و کیفیات کا اظہار اور معاملات عشق کا برملا بیان
۲) فارسی کی عجیب ترکیبیں
۳) دور از کار مضامین
۴) خارجیت پر زور

۹۵- **درج ذیل کے کونسے ادیب کو رومانوی ادیب نہیں کہا جا سکتا ہے؟**

۱) اختر شیرانی
۲) علامہ اقبال
۳) کرشن چندر
۴) سجاد حیدر یلدرم

<u>*ترجمه متون سیاسی، فرهنگی، ادبی و اجتماعی:*</u>

۹۶- **درج ذیل اردو اصطلاحات کی صحیح فارسی متبادلات کی نشاندہی کیجیے۔**
**"حوالات میں رکھنا۔تلاشی لینا۔پوچھ گچھ۔ہتھکنڈا"**

۱) تفتیش۔ بازداشت۔ بازپرسی۔ دسیسه
۲) بازداشت۔ تفتیش۔ بازپرسی۔ دسیسه
۳) بازداشتگاه۔ بازپرسی۔ دسیسه۔ بازرسی
۴) حواله کردن۔ تفتیش۔ بازپرسی۔ دسیسه

۹۷- **درج ذیل فارسی عبارت کے صحیح اردو ترجمے کی نشاندہی کیجیے۔**

**"آخرین روز پاییز بود با دلی پر غصه به طرف خانه می رفتم۔ کوچه مدرسه خیلی طولانی بود و آن روز طولانی تر از همیشه به نظر می رسید، تمام نمی شد۔"**

۱) آج خزاں کا آخری دن تھا۔ میں ایک بوجھل دل کے ساتھ گھر جا رہا تھا۔ سکول کی گلی، کافی لمبی تھی اور اس دن تو ہمیشہ سے بھی زیادہ لمبی لگ رہی تھی میں جتنا بھی چلتا تھا لیکن وہ ختم ہونے کا نام ہی نہ لیتی تھی۔
۲) آج پت جھڑ کی آخری رات تھی۔ میں ایک بھاری دل کے ساتھ گھر جا رہا تھا۔ سکول کی گلی چھوٹی سی تھی اور اس دن تو ہمیشہ سے بھی زیادہ چھوٹی لگ رہی تھی میں جتنا بھی چلتا تھا لیکن وہ ختم ہونے کا نام ہی نہ لیتی تھی۔
۳) آج خزاں کا دن تھا۔ میں ایک بوجھل دل کے ساتھ سکول جا رہا تھا۔ سکول کی گلیاں کافی قدیمی تھیں اور اس دن تو ہمیشہ سے بھی زیادہ قدیمی لگ رہی تھیں میں چلتا تھا لیکن وہ جلدی ختم ہوئی تھیں۔
۴) آج پت جھڑ کی آخری رات تھی۔ میں تشویش کے ساتھ اسکول جا رہا تھا۔ گھر کی گلیاں کافی چوڑی تھیں اور اس دن تو ہمیشہ سے بھی زیادہ لمبی لگ رہی تھیں میں جتنا بھی چلتا تھا لیکن وہ ختم ہونے کا نام ہی نہ لیتی تھیں۔

Telegram: @uni_k

www.konkur.in



۹۸- درج ذیل فارسی متن کا صحیح اردو ترجمے کی نشاندہی کیجیے۔

**"لامپ های پرنور سردر مغازه ها مشتری ها را به دیدن و خرید اجناس داخل مغازه دعوت می کرد۔ اگر مادرم می گذاشت دوست داشتم ساعت ها آنجا بایستم و به درخشش لامپ ها و خوراکی هایی که به رهگذران چشمک کی می زدند نگاه کنم۔"**

۱) دکانوں کے آستانوں پر جگمگاتے بلب گاہکوں کی توجہ دکانوں میں رکھی ہوئی اشیا کی خریداری کی طرف کھینچ رہے تھے۔ اگر امّی کی اجازت ہوتی تو میرا دل چاہتا تھا کہ گھنٹوں تک وہاں کھڑی روشنیوں کی جگمگاہٹ اور راہگیروں کو اپنی طرف راغب کرنے والی اشیا خورد و نوش دیکھتی رہوں۔

۲) دکانوں کی چھتوں پر لٹکتے بلب ہماری توجہ دکانوں میں رکھی ہوئی اشیا کی خریداری کی طرف کھینچ رہے تھے۔ اگر امّی کی اجازت ہوتی تو میرا دل چاہتا تھا کہ دان رات وہاں کھڑی روشنیوں کی جگمگاہٹ اور راہگیروں کو اپنی طرف راغب کرنے والی اشیا خورد و نوش دیکھتی رہوں۔

۳) دکانوں کے آستانوں پر جگمگاتے بلب لڑکیوں کی توجہ دکانوں میں رکھی ہوئی اشیا کی خریداری کی طرف کھینچ رہے تھے۔ اگر اجازت ہوتی تو میرا دل چاہتا تھا کہ گھنٹوں تک وہاں کھڑی روشنیوں کی جگمگاہٹ اور غریبوں کو اپنی طرف راغب کرنے والی اشیا خورد و نوش دیکھتی رہوں۔

۴) دکانوں پر جگمگاتے بلب بچوں کی توجہ دکانوں میں رکھی ہوئی اشیا کی طرف کھینچ رہے تھے۔ اگر پھوپھی کی اجازت ہوتی تو میرا دل چاہتا تھا کہ کئی دن تک وہاں کھڑی روشنیوں کی جگمگاہٹ اور راہگیروں کو اپنی طرف راغب کرنے والی اشیا خورد و نوش دیکھتی رہوں۔

۹۹- درج ذیل اردو فقروں کے صحیح فارسی ترجمے کی نشاندہی کیجیے۔

**"روسی وزیر خارجہ نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ واشنگٹن عالمی تسلط برقرار رکھنے کی اپنی ناقص پالیسی کو ترک نہیں کر سکتا، جو سوویت یونین کے خاتمے کے بعد ۱۹۹۰ء کی دہائی کے اوائل میں شروع ہوا تھا۔"**

۱) وزیر کشور روسیه در پاسخ به سوالی گفت واشنگتن می تواند سیاست مغرضانه خود در حفظ هژمونی جهانی را که در اواخر دهه ۱۹۹۰ پس از استقلال روسیه آغاز شد، کنار بگذارد.

۲) وزیر امور داخلی روسیه در پیامی گفت واشنگتن نمی تواند سیاست فریب کارانه خود در حفظ برتری جهانی را که در اوایل دهه ۱۹۹۰ پس از اعلام استقلال روسیه آغاز شد، کنار بگذارد.

۳) وزیر امور خارجه آمریکا در پاسخ به سؤالی گفت روسیه نمی تواند سیاست دوگانه خود در حفظ برتری جهانی را که در اوایل دهه ۱۹۹۰ پس از فروپاشی اتحاد جماهیر شوروی آغاز شد، کنار بگذارد.

۴) وزیر امور خارجه روسیه در پاسخ به سوالی گفت واشنگتن نمی تواند سیاست معیوب خود در حفظ هژمونی جهانی را که در اوایل دهه ۱۹۹۰ پس از فروپاشی اتحاد جماهیر شوروی آغاز شد، کنار بگذارد.

۱۰۰- درج ذیل اردو فقروں کا صحیح فارسی ترجمہ کونسی ہے؟

**"انہوں نے کہا کہ ایران جوہری معاہدے میں امریکہ کی واپسی کے لیے کسی بھی مذاکرات کی ضرورت نہیں ہے۔ امریکہ جیسا کہ جوہری معاہدہ سے علیحدہ ہو گیا اور ایران کے خلاف پابندیاں عائد کیں ویسا ہی جوہری معاہدے میں واپس آ کر پابندیوں کو منسوخ کر سکتا ہے۔"**

۱) ایشان گفت برای بازگشت آمریکا به برجام نیاز به هیچ مذاکره ای نیست. آمریکا همان گونه که از توافق خارج شد و تحریم هایی علیه ایران وضع کرد، به همان شکل می تواند به توافق برگشته و تحریم ها را الغو کند.

۲) ایشان افزود به بازگشت آمریکا به برجام نیاز نیست. آمریکا که از توافق خارج شد و تحریم هایی علیه ایران وضع نکرد، به همان شکل می تواند به توافق برگشته و تحریم ها را الغو نکند.

۳) ایشان ابراز داشت برای بازگشت آمریکا به برجام نیاز به مذاکره است. آمریکا که تحریم هایی علیه ایران وضع کرد، نمی تواند به توافق برگردد و باید تحریم ها را الغو کند.

۴) ایشان گفت بازگشت ایالات متحده به برجام مشکل نیست. آمریکا اکنون که از توافق خارج شد، می تواند به توافق برگشته و تحریم ها را الغو نکند.

Telegram: @uni_k

www.konkur.in



۱۰۱- درج ذیل فارسی اصطلاحات کی متبادل اردو اصلاحات کی نشاندہی کیجیے۔
"امنیت ملی و بین المللی۔ تہاجم فرہنگی۔ ادبیات پایداری"
۱) قومی اور علاقائی سلامتی۔ ثقافتی یلغار۔ عسکری ادب
۲) قومی اور بین الاقوامی سلامتی۔ ثقافتی جنگ۔ عسکری ادبی
۳) قومی اور بین الاقوامی سلامتی۔ ثقافتی یلغار۔ مزاحمتی ادب
۴) قومی اور بین الاقوامی صحت۔ تہذیبی جنگ۔ مزاحمتی ادب

۱۰۲- دیے گئے اردو الفاظ میں سے کونسا لفظ "تنگہ ہرمز" کا صحیح ترجمہ ہے؟
۱) دریائے ہرمز
۲) آبنائے ہرمز
۳) بحر ہرمز
۴) ہرمزی سمندر

۱۰۳- درج ذیل فارسی الفاظ کے صحیح اردو متبادل الفاظ کی نشاندہی کیجیے۔
"دریا۔ رودخانہ۔ دریاچہ۔ گرداب"
۱) دریا۔ سمندر۔ جھیل۔ بھنور
۲) سمندر۔ دریا۔ جھیل۔ بھنور
۳) سمندر۔ دریا۔ جھیل۔ بگولا
۴) دریا۔ سمندر۔ جوہڑ۔ بگولا

۱۰۴- درج ذیل فارسی متن کے صحیح اردو ترجمے کی نشاندہی کیجیے۔
"ہر کودکی از بدو تولد حق داشتن یک نام رادارد کہ باید در دفاتر مربوطہ ثبت شود. ہمچنین داشتن تابعیت حق اوست و در صورت امکان باید والدین خود را شناختہ واز سوی آنہا نگہداری شود."
۱) ہر بچے کو پیدائش سے ہی نام رکھنے کا حق حاصل ہے، جسے متعلقہ دفاتر میں رجسٹر کرانا ضروری ہے۔ نیز، اسے شہریت حاصل کرنے کا حق ہے اور اگر ممکن ہو، تو وہ اپنے والدین سے واقف ہو اور والدین کو اس کی دیکھ بھال کرنی چاہیے۔
۲) ہر بچے کو پیدائش سے ہی نام رکھنے کا حق حاصل ہے، جسے غیر متعلقہ دفاتر میں بھی رجسٹر کرانا ضروری ہے۔ نیز، اسے دوہری شہریت حاصل کرنے کا حق ہے اور اگر ممکن ہو، تو وہ اپنے والدین سے واقف ہو اور والدین اس کی نگہداشت کرنی چاہیے۔
۳) ہر بچے کو پیدائش سے ہی نام رکھنے کا حق حاصل نہیں ہے، جسے متعلقہ دفاتر میں رجسٹر کرانا ضروری نہیں ہے۔ نیز، اسے شہریت حاصل کرنے کا حق ہے اور اگر ممکن ہو، تو وہ اپنے والدین سے واقف ہو اور والدین اس کی دیکھ بھال کرنی چاہیے۔
۴) ہر بچے کو پیدائش سے ہی نام رکھنے کا حق حاصل ہے، جسے متعلقہ دفاتر میں رجسٹر کرانا ضروری ہے۔ نیز، اسے دوہری شہریت حاصل کرنے کا حق ہے اور اگر ممکن ہو، تو وہ اپنے والدین سے واقف نہ ہو اور والدین اس کی دیکھ بھال نہیں کرنی چاہیے۔

۱۰۵- درج ذیل فارسی شعر کے صحیح فارسی ترجمے کی نشاندہی کیجیے۔
دلی کہ عاشق و صابر بود مگر سنگ است — زعشق تا بہ صبوری ہزار فرسنگ است
۱) عاشق و صابر، ایک دوسرے کے ساتھ رہتے ہیں۔ چونکہ عشق اور قرار کے درمیان پتھر کی دیوار موجود نہیں۔
۲) وہ دل جو عاشق ہو اور پھر صابر بھی ہو، وہ دل نہیں، پتھر ہے۔ کیونکہ عشق اور صبر و قرار کے درمیان ہزاروں کوسوں کا فاصلہ ہے۔
۳) وہ دل جو صابر ہو اور پھر عاشق بھی نہ ہو، وہ دل نہیں، پہاڑ ہے۔ کیونکہ عاشق کو بھی ہزاروں کوسوں کے باوجود صبر و قرار آتا ہے۔
۴) وہ جو عاشق ہو اور پھر صابر بھی ہو، اس کا سینہ پتھر نہیں۔ کیونکہ عاشقی صبر و قرار سے ہزاروں کوسوں کے فاصلے سے بھی ممکن ہے۔

Telegram: @uni_k

www.konkur.in



Telegram: @uni_k

www.konkur.in



Telegram: @uni_k